pakcity.org

# پاکستان کی معاشی ترقی

باب 7:

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات

www.pakcity.org

1. اسلام بیراج تعمیر کیا گیا:

(A) دریائے سندھ پر (B) دریائے چناب پر (C) دریائے راوی پر **(D) دریائے ستلج پر**

2. کراچی بندرگاہ کی بنیاد رکھی گئی:

(A) 1832ء میں (B) 1842ء میں **(C) 1852ء میں** (D) 1862ء میں

3. معاشی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کے لئے 1960ء میں شروع کیا گیا:

**(A) دوسرا پانچ سالہ منصوبہ** (B) تیسرا پانچ سالہ منصوبہ (C) چوتھا پانچ سالہ منصوبہ (D) پانچواں پانچ سالہ منصوبہ

4. پاکستان میں خوردنی نمک کی وسیع ذخائر ہیں:

(A) خاران میں (B) سینڈک میں **(C) کوہستان نمک میں** (D) لنگڑیال میں

5. آبپاشی کے کفایتی اور جدید طریقے ہیں:

(A) روایتی کھالوں سے آبپاشی (B) پختہ کھالوں سے آبپاشی (C) فصلوں کی پٹڑی پر کاشت **(D) سپر نکلر اور ڈراپ سے آبپاشی**

www.pakcity.org

## مشقی مختصر جوابی سوالات

www.pakcity.org

**1- معاشی ترقی کی تعریف کیجئے۔**

جواب: گراہم بینک ( Graham Bannock ) کے الفاظ میں "معاشی ترقی، معیشت کی پیداواری صلاحیت میں ایسے لگاتار عمل کا نام ہے جس کے نتیجے میں قومی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہو۔"

**2۔ پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے کم ہونے کی اہم وجہ کیا ہے؟**

جواب: پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کم ہونے کی اہم وجہ یہاں کے ناسازگار حالات ہیں۔ قیامِ پاکستان سے ہی پاکستان مختلف مسائل کا شکار ہو رہا ہے۔ یہاں کے غیر موزوں سیاسی حالات، ناخواندگی اور توانائی کی کمی ایسے عوامل ہیں جو غیر ملکی سرمایہ کاری میں کمی کی اہم وجہ ہیں۔

**3۔ افرادی قوت سے کیا مراد ہے؟ ان میں کون کون سے لوگ شامل ہوتے ہیں؟**

جواب: افرادی قوت یا ورک فورس سے مراد 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کے وہ افراد ہیں جو کمانے کے اہل ہوں۔ ان میں برسرِ روزگار اور بے روزگار دونوں طرح کے افراد شامل ہوتے ہیں۔ یہ معیشت کو فعال بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ سارے کمانے والے لوگ، تمام بے روزگار، پارٹ ٹائم ورکر اور تنخواہ دار لوگ اس میں شامل ہوتے ہیں یعنی یہ وہ لوگ ہیں جو معیشت کو قابلِ فروخت اشیاء و خدمات مہیا کرتے ہیں۔

**4۔ دفاعی صنعت سے کیا مراد ہے؟**

جواب: دفاعی صنعت ملکی ضروریات کے مطابق اسلحہ، گولہ بارود و دیگر دفاعی سامان تیار کرتی ہے۔ دفاعی صنعت کی ترقی ملک کے دفاع کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ دفاعی صنعت کی ترقی سے معاشی سرگرمیوں میں تیزی آتی ہے۔ اور ہزاروں افراد کو روزگار کے مواقع ملتے ہیں۔ دفاعی سازو سامان کی درآمد میں کمی سے زیرِ مبادلہ کی بچت ہوتی ہے اور ملک کے زرِ مبادلہ میں اضافہ ہوتا ہے، جس سے اندرونِ ملک ملکی کرنسی کی شرح مبادلہ بہتر ہوتی ہے۔ اس میں ہیوی مکینیکل کمپلیکس ٹیکسلا، پاکستان آرڈیننس فیکٹریز واہ کینٹ اور ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا وغیرہ شامل ہیں۔

**5۔ پاکستان کے پانچ رابطہ انہار کے نام لکھیں۔**

جواب: پاکستان کے پانچ رابطہ انہار کے نام درج ذیل ہیں:

(i) رسول، قادر آباد
(ii) قادر آباد، بلوکی
(iii) بلوکی، سلیمانکی
(iv) تریموں، سدھنائی
(v) چشمہ، جہلم

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org